# آرمینیئن اِزم کا مسیح

مصنف: پادری اسٹیون ہاؤک        مترجم: پادری ارسلآن الحق

بائبل مقدس ہمیں خبردار کرتی ہے کہ آخری ایام میں، جن میں ہم زندگی بسر کر رہے ہیں، بہت سے جھوٹے مسیح آئیں گے۔ وہ مسیح ہونے کا دعویٰ کریں گے لیکن درحقیقت وہ گمراہ کرنے والے ہوں گے۔ یسوع مسیح نے فرمایا کہ خبردار! کوئی تم کو گمراہ نہ کردے۔ کیونکہ بہتیرے میرے نام سے آئیں گے اور کہیں گے میں مسیح ہوں اور بہت سے لوگوں کو گمراہ کریں گے (متی 24:4-5)۔ مسیحی ہوتے ہوئے ہمیں محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔ ہمیں بہت احتیاط برتنی چاہیے کہ ہم ان کے دھوکے میں نہ آئیں۔ ہمارا ابلاوہ یہ ہے کہ ہم حقیقی مسیح پر ایمان رکھیں، اس سے محبت کریں اور اُسی کی پیروی کریں۔ ہمیں عصر حاضر کے اُن جھوٹے مسیحوں سے کوئی واسطہ نہیں رکھنا چاہیے جو تعداد میں کافی زیادہ ہیں۔

ہم بدعتی فرقوں اور دوسرے مذاہب کے (پیش کردہ) مسیح کے بارے میں جانتے ہیں۔ وہ ایک نیک انسان، نبی، خدا کی پہلی تخلیق، ایک عظیم روح، ایک الٰہی تصور یا حتیٰ کہ ایک خدا کے طور پر سمجھا جاتا ہے لیکن وہ حقیقی اور ازلی

وابدی خدا نہیں ہے۔ وہ اپنے وجود کیلئے کسی دوسرے پر انحصار کرتا ہے جو اس سے بڑا ہے۔ وہ بائبل مقدس کا مسیح نہیں ہے۔ ہم اُس مسیح کے فریب میں نہیں ہیں۔ وہ ایک جھوٹا مسیح ہے۔ اِسی طرح ہم رومن کاتھولکس کے مسیح کے بارے میں بھی جانتے ہیں۔ وہ اقرار کرتے ہیں کہ وہ حقیقی خدا ہے۔ اس نے ہمارے گناہوں کی معافی کے لئے دکھ اٹھایا اور مر گیا۔ وہ زندہ ہوا، آسمان پر چڑھ گیا اور دوبارہ آنے والا ہے۔ لیکن وہ کامل نجات دہندہ نہیں ہے۔ رومن کاتھولک عقیدے کا مسیح گنہگاروں کو ان کے اپنے نیک اعمال اور کاہنوں کی شفاعت کے بغیر نہیں بچا سکتا۔ یہ بھی بائبل مقدس کا مسیح نہیں۔ تاہم، ایک اور جھوٹا مسیح ہے جو بدعتی فرقوں کے مسیح اور رومن کاتھولکس کے پیش کردہ مسیح سے کہیں زیادہ خطرناک ہے۔ اس نے کئی سالوں تک لوگوں کو دھوکہ دیا ہے اور وہ لاکھوں لوگوں کو دھوکہ دیتا رہتا ہے۔ یہ مسیح اتنا خطرناک ہے کہ اگر یہ ناممکن نہ ہوتا تو وہ برگزیدوں کو بھی گمراہ کر لیتا (متی 24:24)۔ یہ آرمینیئن اِزم کا مسیح ہے۔

یہ جھوٹا مسیح انتہائی خطرناک ہے کیونکہ کئی طریقوں سے یہ حقیقی مسیح کی طرح دکھائی دیتا ہے۔ آرمینیئن کہتے ہیں کہ وہ حقیقی خدا ہے، باپ اور روح القدس کے برابر۔ وہ کہتے ہیں کہ وہ گناہ گاروں کو بچانے کے لئے صلیب پر مؤا۔ وہ

تو یہ بھی کہتے ہیں کہ وہ ہمیں صرف اپنے فضل سے بچاتا ہے، بغیر انسان کے اعمال کے۔ یہ مسیح بدعتی فرقوں کے مسیح اور رومن کاتھولکس کے مسیح کے ساتھ کچھ تعلق بھی نہیں رکھتا۔

لیکن محتاط رہیں! خبردار رہیں! آرمینیئن اِزم کا مسیح بائبل مقدس کا مسیح نہیں ہے۔ دھوکہ نہ کھائیں!

**آرمینیئن اِزم کا مسیح** دنیا کے ہر فرد سے محبت کرتا ہے اور خلوص دل سے اُن کی نجات چاہتا ہے۔

**بائبل مقدس کا مسیح** صرف ان لوگوں سے محبت کرتا ہے اور ان کی نجات چاہتا ہے جنہیں خدا نے غیر مشروط طور پر نجات کے لئے چنا ہے (زبور 5:5، 7:11 اور 11:5، متی 11:27، یوحنا 9:17-10، اعمال 2:47 اور 13:48، رومیوں 9:10-13 اور 21-24، افسیوں 1:3-4)۔

**آرمینیئن اِزم کا مسیح** ہر گناہ گار کو نجات کی پیشکش کرتا ہے اور انہیں نجات دِلانے کی پوری کوشش کرتا ہے۔ لیکن اس کی یہ پیشکش اور محنت اکثر ناکام ہو

جاتی ہے کیونکہ بہت سے لوگ اس کی دعوت کو قبول نہیں کرتے۔

**بائبل مقدس کا مسیح** صرف برگزیدہ لوگوں کو مؤثر طریقے سے اپنی طرف بلاتا ہے اور اپنی حاکمانہ قدرت سے انہیں نجات دیتا ہے۔ ان میں سے کوئی بھی ہلاک نہیں ہوگا (یسعیاہ 55:11، یوحنا 5:21، 6:37-40، 10:25-30 اور 17:2، فلپیوں 2:13)۔

**آرمینین اِزم کا مسیح** گناہ گار کو نئے سرے سے پیدا نہیں کرسکتا اور نہ ہی نجات دے سکتا ہے جو پہلے اپنی آزاد مرضی سے مسیح کا خود انتخاب نہ کرے۔ تمام انسانوں کے پاس آزاد مرضی ہے جس کے ذریعے وہ یا تو مسیح کو قبول کر سکتے ہیں یا رد کر سکتے ہیں۔ مسیح اِس آزاد مرضی کی خلاف ورزی نہیں کرسکتا۔

**بائبل مقدس کا مسیح** خودمختار طور پر برگزیدہ گناہ گار کو اس کے انتخاب (فیصلہ) کے بغیر نئے سرے سے پیدا کرتا ہے کیونکہ نئے سرے سے پیدا ہونے کے بغیر روحانی طور پر مردہ گناہ گار مسیح کا انتخاب نہیں کرسکتا۔ ایمان لانا نجات میں انسان کا حصہ نہیں ہے بلکہ مسیح کی بخشش ہے جسے وہ اپنی حاکمانہ قدرت سے نوزادگی (نئی پیدائش) میں بخشتا ہے (یوحنا 3:3، 6:44-65 اور

15:16، اعمال 11:18 ، رومیوں 9:16،افسیوں 1:2اور 8-10،
فلپیوں 1:29،عبرانیوں 12:2)۔

**آرمینیئن اِزم کا مسیح** صلیب پر ہر فرد کے لئے مؤا اور اس طرح ہر شخص کی نجات ممکن بنائی۔ اس کی موت، انسان کے انتخاب (فیصلہ) کے بغیر، حقیقت میں کسی کو بھی نجات نہیں دے سکی کیونکہ جن کیلئے وہ مرا، وہ کھوئے ہوئے ہیں۔

**بائبل مقدس کا مسیح** صرف خدا کے برگزیدہ لوگوں کے لئے مؤا اور اس طرح ان سب کی نجات حاصل کی جن کیلئے وہ مؤا۔ اس کی موت ایک عوضی کفارہ تھی جو حقیقت میں اس کے چنیدہ لوگوں کا گناہ دور کرتی ہے(لوقا 19:10، یوحنا 10:14-15 اور 26، اعمال 20:28، رومیوں 5:10،افسیوں 5:25،عبرانیوں 9:12،1پطرس 3:18)۔

**آرمینیئن اِزم کا مسیح** اُن بہت سے لوگوں کو کھو دیتا ہے جنہیں اس نے نجات دی ہے کیونکہ وہ ایمان میں قائم نہیں رہتے۔ چاہے وہ انہیں ابدی تحفظ (مقدسوں کی استقامت) دے بھی دے جیسا کہ بعض کہتے ہیں، یہ تحفظ

اُس (خدا) کی مرضی یا کام پر مبنی نہیں ہے بلکہ اس فیصلے پر ہے جو گناہ گار نے مسیح کو قبول کرتے وقت کیا۔

**بائبل مقدس کا مسیح** اپنے برگزیدہ لوگوں کی حفاظت کرتا ہے تاکہ وہ اپنی نجات کھو نہ سکیں بلکہ آخر تک ایمان میں قائم رہیں۔ وہ انہیں خدا کی انتخاب کرنے والی مرضی، اُس (یسوع مسیح) کی موت کی قوت اور اس کے روح القدس کے پرتاثیر کام کے ذریعے محفوظ رکھتا ہے (یوحنا 5:24 اور 10:26-29، رومیوں 8:29-30 اور 35-39، 1 پطرس 1:2-5، یہوداہ 24-25)۔

آرمینیئن اِزم کا مسیح اور بائبل مقدس کا مسیح پہلی نظر میں ایک ہی نظر آ سکتے ہیں، لیکن وہ ایک دوسرے سے بہت مختلف ہیں۔ ایک جھوٹا مسیح ہے۔ دوسرا حقیقی مسیح ہے۔ ایک کمزور اور بے بس ہے۔ وہ انسان کی خودمختار آزاد مرضی کے سامنے جھک جاتا ہے۔ دوسرا وہ ہے جو حکمرانی کرتا ہے جو اپنی مرضی کے مطابق چاہتا ہے اور جو چاہتا ہے اسے حاکمانہ طور پر پورا کرتا ہے۔

اگر آپ آرمینیئن اِزم کے مسیح پر ایمان رکھتے ہیں اور اُس کی خدمت کرتے ہیں تو آپ کو یہ حقیقت تسلیم کرنی ہو گی کہ آپ بائبل مقدس کے مسیح کی

خدمت نہیں کرتے۔ آپ فریب میں ہیں! بائبل مقدس کا مطالعہ کریں اور حقیقی مسیح کے متعلق سیکھیں۔ خدا سے دعا کریں کہ وہ آپ کو توبہ کرنے اور مسیح پر اپنے حاکم نجات دہندہ کے طور پر بھروسہ کرنے کا فضل عطا فرمائے۔


## رِیفارمڈ چرچ آف پاکستان

پوسٹ بکس نمبر 23 بہاولپور 63100۔

برائے رابطہ

**+923025257626**

ویب سائٹ

www.rcofp.com